(دوسرا پرچہ) دعوت وارشاد

کل نمبر: 100 وقت: 3 گھنٹے

نوٹ: کل چار سوال حل کریں۔ پہلا سوال لازمی ہے۔ قرآن وحدیث سے مزین جوابات کو ترجیح دی جائے گی۔

1- مندرجہ ذیل میں سے صرف پانچ اجزاء کے مختصر جوابات دیجیے۔

(i) امر بالمعروف ونھی عن المنکر پر کوئی ایک آیت مع ترجمہ کے تحریر کریں۔

(ii) حضرت عیسیٰ کے تین قرآنی القابات تحریر کریں۔

(iii) سورۃ نحل کی آیات نمبر 125 میں دعوت کے کون سے تین اصول بیان کیے گئے ہیں۔

(iv) حضور اکرم ﷺ نے جن فرمانرواؤں کو دعوتی خطوط ارسال کیے۔ ان میں سے تین کے نام تحریر کریں۔

(v) حدیث میں منکر کو روکنے کے جو تین درجات بیان ہوئے ہیں، وہ بیان کریں۔

(vi) بشروا ولا تنفروا یسروا ولا تعسروا حدیث کا ترجمہ کریں۔

(vii) آیت مکمل کریں اور ترجمہ لکھیں۔ ربنا ھب لنا .... للمتقین اماما۔

2- دعوت میں حکمت کی اہمیت واضح کیجئے نیز داعی کو مخاطب کی نفسیات کو کن پہلوؤں کو مدنظر رکھنا ضروری ہے۔

3- حضرت عیسیٰ کے اسلوب وطریقہ دعوت پر روشنی ڈالیں۔

4- مدینہ میں رسول اکرم ﷺ کی دعوتی حکمت عملی کے اہم پہلوؤں پر روشنی ڈالیے۔

5- تجدید کا مفہوم بیان کرتے ہوئے شیخ احمد سرہندیؒ کی تجدیدی واصلاحی خدمات پر تفصیل سے روشنی ڈالیں۔

6- عصر حاضر میں اسلامی تحریکات کے دینی، معاشرتی، سیاسی اثرات پر روشنی ڈالیے۔

7- مندرجہ ذیل میں سے کسی دو پر نوٹ لکھیں:

(۱) خفیہ دورِ دعوت (۲) حضرت معاذ بن جبل کی دعوتی خدمات

(۳) اشاعتِ اسلام کے جدید ذرائع

کل نمبر: 100

پرچہ دوسرا: دعوت و ارشاد

وقت: 3 گھنٹے

نوٹ: کل چار سوال حل کریں۔ پہلا سوال لازمی ہے۔ قرآن و حدیث سے مزین جوابات دیں۔

سوال 1: کوئی سے دس سوالوں کے جواب مختصر تحریر کریں:

الف: 1- حضرت شعیب علیہ السلام کی قوم کا جرم کیا تھا؟

-2 ائمہ اربعہ رحمۃ اللہ علیہم میں سب سے پہلے کس کا دور ہے؟ نام و تاریخ پیدائش درج کریں۔

-3 امام احمد بن حنبل کو کس جرم میں تشدد کا نشانہ بنایا گیا؟

-4 ''رسائل النور'' کس شخصیت کی تصنیف ہیں؟

-5 تبلیغی جماعت کے کوئی سے تین بنیادی اصول بتائیں۔

-6 ''عہد الست'' سے کیا مراد ہے؟

-7 نبی کریم ﷺ کو دیگر انبیاء علیہم السلام سے پانچ خصوصیات عطا کی گئیں، دو کا تذکرہ کریں۔

-8 ''بیعت رضوان'' کس سن ہجری کا واقعہ ہے؟

-9 سیدنا ابوبکر صدیق کی دعوت پر اسلام قبول کرنے والے دو صحابہ کا نام لکھیں۔

-10 پہلی وحی کے موقع پر سیدہ خدیجہؓ نے نبی کریم ﷺ کو کن الفاظ میں تسلی دی؟

-11 سیدنا مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ کی خصوصیت کیا ہے؟

-12 سفر کی دعا لکھیں۔

-13 تاریخ دعوت و عزیمت کے مصنف کا نام لکھیں۔

سوال 2: دعوت کی لغوی و اصطلاحی تعریف کریں اور حکمت و موعظت سے بھرپور دعوت پر سیرت نبوی ﷺ کے کوئی دو واقعات ذکر کریں۔

سوال 3: حضرت موسیٰ علیہ السلام کے حالات زندگی اور دعوتی کوششوں پر روشنی ڈالیں۔

سوال 4: رسول اللہ ﷺ کے اسلوب دعوت کی اہم خصوصیات بیان کریں۔

سوال 5: سیدنا عمر فاروق کے مقام و مرتبہ اور اسلام کے لئے زریں خدمات پر روشنی ڈالیں۔

سوال 6: امام احمد بن حنبل علیہ الرحمہ کے پُرعزم داعیانہ کردار اور آزمائشوں کی تفصیلات پیش کریں۔

سوال 7: اکیسویں صدی کے انفارمیشن ٹیکنالوجی کے دور میں چار جدید ذرائع ابلاغ کا تعارف اور اُن کا استعمال بیان کریں۔

اس پرچہ میں کامیابی کیلئے ''دعوت و ارشاد'' ڈاکٹر حمید اللہ، پروفیسر نعیم صدیقی کا مطالعہ فرمائیں

www.ilmkidunya.com

سال دوئم...... سالانہ امتحان 2013ء

www.ilmkidunya.com

پرچہ دوسرا: دعوت و ارشاد

کل نمبر: 100 وقت: 3 گھنٹے

نوٹ: کل چار سوال حل کریں۔ پہلا سوال لازمی ہے۔ قرآن و حدیث سے مزین جوابات کو ترجیح دی جائے گی۔

سوال 1: درج ذیل میں سے دس اجزاء کے جوابات مطلوب ہیں:

1- آدم ثانی اور جد الانبیاء کن پیغمبروں کو کہا جاتا ہے؟

2- اونٹنی کا معجزہ کس پیغمبر کو دیا گیا؟

3- فرعون کے بنی اسرائیل پر دو مظالم لکھیے۔

4- بنی اسرائیل میں مبعوث ہونے والے آخری پیغمبر کا نام لکھیے۔

5- رسول اکرم ﷺ کی دعوت پر اوّلین طور پر اسلام قبول کرنے والی دو شخصیات کے نام لکھیے۔

6- جامع القرآن اور کنز العلماء کن صحابہ کرامؓ کے القاب ہیں؟

7- امام احمد بن حنبلؒ کو کس عقیدہ کی بناء پر حکومتی تشدد کا سامنا کرنا پڑا؟

8- حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے دو معجزات قلم بند کیجیے۔

9- مکتوبات امام ربانی' کی نسبت کس شخصیت کی طرف کی جاتی ہے؟

10- اضافہ علم کی قرآنی دعا تحریر کریں۔

11- نورسی تحریک کے بانی کا نام تحریر کیجیے نیز اس تحریک کا تعلق کس ملک سے ہے؟

12- کتاب "تاریخ دعوت و عزیمت" کے مصنف کا نام تحریر کریں۔

13- آیت مکمل کیجیے: ولتکن منکم امة .... عن المنکر

سوال 2: دعوت کا مفہوم لکھیے۔ ایک داعی الی اللہ کو کن صفات کا حامل ہونا چاہیے؟ قرآن اور سیرت طیبہ کی روشنی میں مفصل وضاحت کریں۔

سوال 3: حضرت یوسف علیہ السلام کے تذکرہ کو احسن القصص سے تعبیر کیا گیا ہے۔ قرآن حکیم کی روشنی میں حضرت یوسف علیہ السلام کے داعیانہ کردار پر روشنی ڈالیے۔

سوال 4: مکی دور میں حضور اکرم ﷺ کی دعوت حکمت عملی اور اہم دعوتی مراحل پر جامع مضمون قلمبند کیجیے۔

سوال 5: حضرت ابوبکر صدیقؓ نے دعوت دین اور اسلام کی سربلندی کے لئے جو مساعی کی ہیں' ان کا تفصیلی جائزہ لیں۔

سوال 6: کسی بین الاقوامی دعوتی تحریک کا تعارف کرائیں نیز اس کے موثر طریقہ کار اور اثرات پر روشنی ڈالیے۔

سوال 7: درج ذیل میں سے دو پر نوٹ لکھیے:

(الف) عمر بن عبد العزیزؒ کی اصلاحی کاوشیں

(ب) حضرت ابراہیم علیہ السلام کا نمرود سے مناظرہ اور اس کے نتائج

(ج) دعوت کی راہ میں حائل رکاوٹیں

اس پرچہ میں کامیابی کیلئے "دعوت و ارشاد" ڈاکٹر حمید اللہ' پروفیسر نعیم صدیقی کا مطالعہ فرمائیں

پرچہ نمبر 2: دعوت و ارشاد

وقت: 3 گھنٹے　　　　کل نمبر: 100

نوٹ:۔ کل چار سوالات حل کریں۔ پہلا سوال لازمی ہے۔ پہلے سوال کے پندرہ اور باقی سوالات کے بیس بیس نمبر ہیں۔ قرآن و سنت سے مزین جوابات کو ترجیح دی جائے گی۔

سوال نمبر (1) درج ذیل میں سے دس اجزاء کے جوابات مطلوب ہیں۔

(۱) قرآن حکیم نے کس پیغمبر کے تذکرے کو احسن القصص سے تعبیر کیا ہے؟

(۲) حضرت هودؑ اور حضرت صالحؑ نے کن قوموں کو دعوت دی؟

(۳) نبی کریم ﷺ کے کون سے دو غزوات یہود کے خلاف لڑے گئے؟

(۴) فتح مکہ سے قبل مدینہ آنے والا سب سے پہلا نمائندہ عوامی وفد کس قبیلہ کا تھا؟

(۵) ''امین الامت'' کس صحابیؓ کا لقب ہے؟

(۶) ''امام عزیمت'' کے لقب سے کون سی شخصیت معروف ہوئی؟

(۷) مجدد الف ثانیؒ کو کس مغل حکمران نے سجدہ نہ کرنے کے باعث قید کیا؟ اور کہاں قید کیا؟

(۸) اخوان المسلمون کے سربراہ کے لیے کون سی اصطلاح استعمال کی جاتی ہے؟

(۹) نورسی تحریک کا آغاز کس ملک سے ہوا؟

(۱۰) تبلیغی جماعت کا پہلا دعوتی گشت کس شہر میں ہوا؟

(۱۱) کتاب ''تجدید و احیائے دین'' کے مصنف کا پورا نام تحریر کریں۔

(۱۲) کھانا کھانے کے بعد مسنون دُعا عربی میں تحریر کریں۔

(۱۳) آیت اعراب کے ساتھ مکمل کریں۔

أدع إلیٰ .... هی أحسن۔

سوال نمبر (2) حضرت موسیٰ علیہ السلام کی دعوت کا موضوع، مخاطبین، اسلوب اور نتائج، قرآن مجید کی روشنی میں بیان کریں۔

سوال نمبر (3) بین الاقوامی دعوت کے لیے نبی کریم ﷺ کے سلاطین کے نام دعوتی خطوط مشعلِ راہ ہیں، سیرت و تاریخ کی روشنی میں مکتوباتِ نبوی ﷺ کی دینی و دعوتی اہمیت پر تفصیل سے روشنی ڈالیے۔

سوال نمبر (4) حضرت مصعب بن عمیرؓ کی دینی اور دعوتی خدمات پر جامع نوٹ قلم بند کریں۔

سوال نمبر (5) امام ابنِ تیمیہؒ کی دینی اور دعوتی خدمات پر جامع نوٹ قلم بند کریں۔

سوال نمبر (6) جماعتِ اسلامی کی دینی، سیاسی اور رفاہی خدمات پر تفصیل سے روشنی ڈالیے۔

سوال نمبر (7) درج ذیل میں سے دو پر نوٹ لکھیں۔

(الف) قرآنی اصولِ دعوت　　(ب) بارگاہِ نبوی ﷺ میں وفود کی آمد　　(ج) انٹرنیٹ پر دعوتِ اسلام

www.ilmkidunya.com

سال دوئم...... سالانہ امتحان 2011ء

old-solved-guess-papers.blogspot.com

پرچہ دوسرا: دعوت وارشاد

کل نمبر: 100   وقت: 3 گھنٹے

نوٹ: کل چار سوال حل کریں۔ پہلا سوال لازمی ہے۔ قرآن وحدیث سے مزین جوابات کو ترجیح دی جائے گی۔

سوال 1: درج ذیل میں سے دس اجزاء کے جواب مطلوب ہیں:

-1 انبیاء کرام کی دعوت کے تین مشترکہ نکات تحریر کریں۔

-2 نبی کریم ﷺ کے مکی دور دعوت میں دار ارقم کی کیا اہمیت ہے؟

-3 سونے سے پہلے کی دعا مع ترجمہ تحریر کریں۔

-4 براعظم افریقہ میں اٹھنے والی دو بڑی دعوتی تحریکوں کا نام لکھیں۔

-5 حضرت مصعب بن عمیرؓ کو کتنی مرتبہ ہجرت کا شرف حاصل ہوا؟

-6 دعوت کے دو قرآنی مترادفات تحریر کریں۔

-7 عمل دعوت کے اعتبار سے دعوت کی اقسام تحریر کریں۔

-8 نبی کریم ﷺ کی دعوت پر سب سے پہلے ایمان لانے والے چار افراد کا نام لکھیں۔

-9 ورقہ بن نوفل کون تھے؟

-10 قرآن نے کس اولوالعزم رسول کو "اُمت" کہا ہے؟

-11 دعوت سے متعلق قرآن کی کوئی آیت مع ترجمہ لکھیں۔

-12 درج ذیل کتب کے مصنفین کے نام لکھیں:

(الف) حضرت مولانا محمد الیاس اور ان کی دینی دعوت   (ب) تجدید واحیائے دین

-13 حضرت نوح علیہ السلام کے اہل خانہ میں سے کون سے دو افراد ایمان نہیں لائے؟

سوال 2: حضرت ابراہیم علیہ السلام کی دعوت کے اہم نکات، مخاطبین دعوت اور اسلوب دعوت پر تفصیلی روشنی ڈالیں۔

سوال 3: دعوت کے لغوی و اصطلاحی معنی ومفہوم دعوت کی ضرورت واہمیت اور دعوت کے قرآنی مترادفات پر تفصیلی روشنی ڈالیں۔

سوال 4: حضرت خدیجۃ الکبریٰؓ دعوت حق میں محمد رسول اللہ ﷺ کی معاون وغمگسار تھیں، پر حاصل بحث کیجئے۔

سوال 5: حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ کو خلیفہ راشد کیوں کہا جاتا ہے؟ ان کے دینی و دعوتی کارناموں کو تفصیل سے بیان کریں۔

سوال 6: تبلیغی جماعت کی دعوتی جدوجہد دعوتی اصول اور اثرات ونتائج پر نوٹ لکھیں۔

سوال 7: درج ذیل میں سے دو پر نوٹ لکھیں:

(الف) غزوات نبوی ﷺ

(ب) فتنہ خلق قرآن

(ج) مسجد کی دعوتی اہمیت

old-solved-guess-papers.blogspot.com

سال دوئم...... سالانہ امتحان 2010ء

old-solved-guess-papers.blogspot.com

پرچہ دوسرا: دعوت وارشاد

کل نمبر: 100 | وقت: 3 گھنٹے

نوٹ: کل چار سوال حل کریں۔ پہلا سوال لازمی ہے۔ قرآنی آیات واحادیث سے مزین جوابات کو ترجیح دی جائے گی۔

سوال 1: جز 'الف' میں سے پانچ اور جز 'ب' میں سے دو سوالوں کا جواب مطلوب ہے:

الف 1- دعوت کا لغوی اور اصطلاحی معنیٰ لکھیں۔

2- حضرت موسیٰ علیہ السلام کی دعوت خصوصی کن دو امور سے متعلق تھی؟

3- شاہد، مبشر، نذیر، داعیا الی اللہ ان صفاتی ناموں میں کس نبی کے اسلوب دعوت کا ذکر ہوا ہے؟

4- "تاریخ دعوت وعزیمت" کے مصنف کا نام تحریر کریں۔

5- وہابی تحریک کے بانی کا نام تحریر کریں۔

6- اصول دعوت سے متعلق ایک حدیث عربی متن اور ترجمہ کے ساتھ لکھیں۔

ب 1- آیت مکمل کریں اور ترجمہ لکھیں:

کنتم خیر امۃ اخرجت للناس .... وتؤمنون باللہ

2- سونے سے پہلے اور بیدار ہونے کے بعد کی دعائیں مع ترجمہ لکھیں۔

3- کتاب "دعوت دین اور اس کا طریقہ کار" کا مختصر تعارف لکھیں۔

سوال 2: امر بالمعروف ونہی عن المنکر سے کیا مراد ہے؟ دعوت میں اس کی اہمیت وضرورت بیان کریں۔

سوال 3: حضرت نوح علیہ السلام کے دعوتی نکات اور اسلوب دعوت پر جامع مضمون قلمبند کریں۔

سوال 4: صلح حدیبیہ کے بعد عالمی دعوت کا مرحلہ شروع ہوا' اس دور کے دعوتی نتائج وثمرات پر روشنی ڈالیں۔

سوال 5: تبلیغی جماعت کے نصاب دعوت اور اسلوب دعوت کا تفصیلی جائزہ لیں۔

سوال 6: حضرت ابوبکر صدیقؓ کی دعوتی ودینی خدمات پر تفصیل سے روشنی ڈالیں۔

old-solved-guess-papers.blogspot.com

سوال 7: مندرجہ ذیل میں سے دو پر نوٹ لکھیے:

(الف) حضرت مصعب بن عمیرؓ کی دعوتی خدمات

(ب) تحریک الاخوان المسلمون

(ج) نوری تحریک

سال دوئم...... سالانہ امتحان ~~2008~~ ، 2009

کل نمبر: 100 | **پرچہ دوسرا: دعوت و ارشاد** | وقت: 3 گھنٹے

نوٹ: کل چار سوال حل کریں۔ پہلا سوال لازمی ہے۔ قرآن و حدیث سے مزین جوابات کو ترجیح دی جائے گی۔

old-solved-guess-papers.blogspot.com

سوال 1: جز 'الف' میں سے پانچ اور جز 'ب' میں سے دو سوالوں کے جواب مختصر تحریر کریں۔

الف: 1- دعوت کا لغوی اور اصطلاحی معنی لکھیں۔

2- دعوت کی تین اہم صفات کا ذکر کریں۔

3- ابوالانبیاء کس نبی کو کہا جاتا ہے اور ابوالبشر ثانی کس کو؟

4- رسول اللہ ﷺ نے کس صحابی کو قرآن کا معلم بنا کر مدینہ منورہ روانہ فرمایا تھا؟

5- حضرت مجدد الف ثانیؒ نے کس بادشاہ کو دعوت دی تھی؟

6- حضرت شاہ ولی اللہ کی تین اہم کتب کے نام تحریر کریں۔

7- امر بالمعروف و نہی عن المنکر پر ایک آیت عربی متن مع ترجمہ لکھیں۔

ب: 1- کتاب "دعوت دین اور اس کا طریق کار" کا مختصر تعارف لکھئے۔

2- سونے اور بیدار ہونے کی دعائیں مع ترجمہ لکھیں۔

3- تبلیغی جماعت کے چھ اصول کون سے ہیں؟

سوال 2: انبیاء علیہم السلام کی دعوت کے مشترکہ نکات کا تفصیلی جائزہ لیجیے۔

سوال 3: قرآن و سنت کی روشنی میں داعی الی اللہ کے اوصاف پر سیر حاصل بحث کیجیے۔

سوال 4: حضرت خدیجہ کا دعوتی کردار ایک مسلمان خاتون کے لئے مشعل راہ ہے، بحث کیجیے۔

سوال 5: جماعت اسلامی پاکستان کی دینی، دعوتی اور سیاسی خدمات تفصیل سے لکھیں۔

سوال 6: امام ابن تیمیہ کی تعلیمی اور دعوتی خدمات پر روشنی ڈالیے۔

سوال 7: مندرجہ ذیل میں سے دو پر نوٹ لکھیے:

(الف) حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی تعلیمی اور دعوتی خدمات

(ب) معاشرے میں مساجد کا دعوتی کردار

(ج) یہود و نصاریٰ کی مشنری سرگرمیاں

اس پرچہ میں کامیابی کیلئے "دعوت و ارشاد" ڈاکٹر حمید اللہ، پروفیسر نعیم صدیقی کا مطالعہ فرمائیں

سالانہ امتحان 2008ء

old-solved-guess-papers.blogspot.com

پرچہ دوسرا: دعوت و ارشاد

وقت: 3 گھنٹے　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　کل نمبر: 100

نوٹ: کل چار سوال حل کریں۔ پہلا سوال لازمی ہے۔ قرآن و حدیث سے مزین جوابات کو ترجیح دی جائے گی۔

سوال 1: جز 'الف' میں سے پانچ اور جز 'ب' میں سے دو سوالوں کے جواب مختصر تحریر کریں:

الف :1- دو اولوالعزم انبیاء علیہم السلام کے نام لکھیں انہیں اولوالعزم کیوں کہا جاتا ہے؟

-2 ابوالبشر ثانی کس نبی کو کہا جاتا ہے؟ ان کی دعوت کا عرصہ کتنے سال ہے؟

-3 الاخوان المسلمون کے بانی کا نام لکھئے۔ کتنے افراد اس جماعت کی تشکیل کے وقت موجود تھے؟

-4 رسول اکرم ﷺ نے حضرت معاذ بن جبلؓ کو یمن روانہ کرتے ہوئے کیا فرمایا تھا؟

-5 دو آیات عربی متن کے ساتھ ایسی تحریر کیجئے جن میں لفظ ''دعوت'' ہو؟

-6 رسول اللہ ﷺ نے اہل کتاب حکمرانوں کو جو دعوتی خطوط ارسال کیے ان کے اہم نکات تحریر کریں۔

-7 چار ائمہ فقہ میں سے امام الفقہ والحدیث کون ہے؟ ان کی مشہور کتاب کا نام بھی لکھئے۔

ب :8- آیت الکرسی ترجمہ کے ساتھ لکھیں۔

-9 کتاب ''تجدید و احیائے دین'' کا مختصر تعارف لکھئے۔

-10 سونے اور سفر کی دعائیں مع ترجمہ لکھیں۔

سوال 2: قرآن و احادیث کی روشنی میں دعوت دین کی ضرورت و اہمیت بیان کریں۔

سوال 3: حضرت ابراہیم علیہ السلام کی دعوت کا موضوع' طریقہ کار پر روشنی ڈالتے ہوئے بتائیے ایک داعی کو آپ کی دعوت میں کن پہلوؤں سے رہنمائی ملتی ہے؟

سوال 4: مکی دور میں دار ارقم ایک دعوتی مرکز تھا۔ دار ارقم میں آپ ﷺ کی دعوتی سرگرمیوں کی تفصیلات بیان کیجئے۔

سوال 5: مدنی دور میں معاہدات اور سفارتی مہمات دعوت کے نہایت ہی اہم ذرائع ثابت ہوئے؟ تفصیل سے لکھئے۔

سوال 6: برصغیر پاک و ہند جماعت اسلامی کی فکری' دینی اور سیاسی خدمات پر سیر حاصل بحث کیجئے۔

سوال 7: مندرجہ ذیل میں سے دو پر نوٹ لکھئے:

(الف) حضرت مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ کی دعوتی خدمات

(ب) عصر حاضر میں اشاعت اسلام کے لئے مجلات اور کتب کیسے معاون ہو سکتے ہیں؟

(ج) تجارتی ادارے دور جدید میں دعوت دین کا اہم ذریعہ

اس پرچہ میں کامیابی کیلئے ''دعوت و ارشاد'' ڈاکٹر حمید اللہ' پروفیسر نعیم صدیقی کا مطالعہ فرمائیں

کل نمبر: 100 # پرچہ دوسرا: دعوت و ارشاد وقت: 3 گھنٹے

نوٹ: کل پانچ سوال حل کریں۔ پہلا سوال لازمی ہے۔ قرآن و حدیث سے مزین جوابات کو ترجیح دی جائے گی۔

old-solved-guess-papers.blogspot.com

سوال 1: جز 'الف' میں سے پانچ اور جز 'ب' میں سے دو سوالوں کے جواب تحریر کریں۔

الف: 1- امر المعروف ونہی عن المنکر پر کوئی ایک آیت مع ترجمہ کے تحریر کریں۔

2- قرآنی اصول دعوت کے نام لکھیں۔

3- کلیم اللہ اور کلمۃ اللہ کن پیغمبروں کے القابات ہیں۔

4- مکہ میں دعوت کا مرکز کون سا تھا؟

5- رسول اللہ ﷺ نے یمن میں دعوت دین کے لئے کن صحابہ کو بھیجا۔

6- مروجہ طریقہ تبلیغ کی دو خامیاں تحریر کیجئے۔

7- امام ابن تیمیہ کی دو تصانیف کے نام تحریر کیجئے۔

ب: 1- آیت مکمل کریں اور ترجمہ کریں:

فمن یکفر بالطاغوت.......... واللہ سمیع علیم

2- گھر سے نکلنے یا داخل ہونے کی دعا مع ترجمہ کر کے لکھیں۔

3- کتاب "دعوت دین اور اس کا طریقہ کار" کا مختصر تعارف کرایئے۔

سوال 2: دعوت کے مترادفات بتایئے نیز داعی الی اللہ کی صفات قرآن وسنت کی روشنی میں بیان کریں۔

سوال 3: سوال انبیاء کرام علیہم السلام کی دعوت وطریق کار پر اس انداز سے روشنی ڈالیں کہ ان کی دعوت کے مشترکہ نکات واضح ہو جائیں۔

سوال 4: رسول اکرم ﷺ کے مکی اسوۂ دعوت پر روشنی ڈالیں نیز اس عہد میں آپ ﷺ کے طریقہ دعوت کے نمایاں پہلوؤں کو اجاگر کریں۔

سوال 5: برصغیر میں شاہ ولی اللہ کے فکری و دینی مساعی کا مفصل جائزہ پیش کیجئے۔

سوال 6: مصر میں دینی بیداری میں الاخوان المسلمون نے جو کردار کیا ہے؟ بطور تحریک اس کے اغراض و مقاصد اور اثرات پر روشنی ڈالیے۔

سوال 7: مندرجہ ذیل میں سے دو پر نوٹ لکھیں:

(الف) حضرت ابوبکر صدیق کی دعوتی خدمات (ب) مکالمہ بین المذاہب کی اہمیت واضح کریں

(ج) دعوت دین میں جدید ذرائع کا استعمال

(پرچہ دوسرا) دعوت وارشاد

old-solved-guess-papers.blogspot.com

کل نمبر 100 وقت: 3 گھنٹے

نوٹ: کل چار سوال حل کریں۔ پہلا سوال لازمی ہے۔ قرآن وحدیث سے مزین جواب کو ترجیح دی جائے گی۔

(1) جزو "الف" میں سے پانچ اور جزو "ب" میں سے دو سوالوں کے جواب مختصر تحریر کریں:

(الف) (1) دعوت کے دو مترادفات قرآنی آیات کے استدلال کے ساتھ لکھئے۔

(2) آدم ثانی اور جد الانبیاء کن انبیاء کرام کو کہا جاتا ہے؟

(3) بیعت عقبہ اولی اور ثانیہ میں شرکاء کی تعداد کیا تھی؟

(4) حضرت ابو بکر صدیقؓ کی دعوت پر ایمان لانے والے دو صحابہ کرامؓ کے نام لکھئے۔

(5) "اصول الدعوۃ" اور "معروف ومنکر" کس کی تصانیف ہیں؟

(6) شیخ احمد سرہندی کے تجدیدی کارناموں میں سے دو تحریر کریں۔

(7) جماعت اسلامی کی بنیاد کب اور کس نے رکھی؟

(ب) (8) آیت مکمل کریں اور ترجمہ لکھیں۔

یٰبنی اقم الصلوۃ ــــــــــ من عزم الامور

(9) سواری پر سفر کی دعا مع ترجمہ کے لکھیں۔

(10) نجاشی کے دربار میں حضرت جعفر طیارؓ کی تقریر کے بنیادی نکات لکھئے۔

(2) دعوت کا مفہوم واضح کریں نیز دعوت کی ضرورت واہمیت قرآن وحدیث کی روشنی میں بیان کریں۔

(3) حضرت ابراہیم علیہ السلام کی دعوت جدوجہد کا جائزہ پیش کریں۔ نیز آپ کے دعوتی اسلوب پر تفصیلی روشنی ڈالیں۔

(4) مکی دور میں آنحضورﷺ کے دعوتی منہج واسلوب پر جامع مضمون قلمبند کریں۔

(5) تجدید سے کیا مراد ہے؟ امام ابن تیمیہ کی تجدیدی مساعی کا مفصل جائزہ پیش کریں۔

(6) عہد جدید میں اسلامی تحریکات کے دینی، فکری، سیاسی ومعاشرتی اثرات پر روشنی ڈالیں۔

(7) مندرجہ ذیل میں سے دو پر نوٹ لکھیں۔

(الف) الاخوان المسلمون

(ب) دعوت کی راہ میں حائل مشکلات (ج) مجادلہ بالاحسن